SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
August 26, 2016

## ایس ای سی پی اور آئی کیپ سرمایہ کاروں کی آگہی کے لئے مل کر کام کریں گے۔

اسلام آباد، ۲۶ اگست، ۲۰۱۶: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان اور انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس پاکستان نے سرمایہ کاری کی آگہی اور افرادی تربیت کے لئے مفاہمت کی یاداشت پر دستخط کئے۔ جس کے تحت آئی کیپ کے ممبران اور طلبہ کے لئے خصوصی آگہی سیشنز منعقد کئے جائیں گے۔

ایس ای سی پی کے صدر دفتر میں طے پانے والی یہ مفاہمتی یاداشت جمع پونجی کے نام سے ایس ای سی پی کے شروع کئے گئے پروگرام برائے آگہی سرمایہ کاران کا حصہ ہے۔ مفاہمتی یاداشت پر ایس ای سی پی کے چیئرمین ظفر حجازی اور آئی کیپ کے صدر حافظ محمد یوسف نے دستخط کئے۔ آئی کیپ کے وفد میں فرزانہ مناف، محمد یعقوب، نذیر احمد چوہدری، راشد ابراہیم اور اسرار خان شامل تھے۔

ایس ای سی پی کے شعبہ آگہی سرمایہ کاران اور بین الاقوامی تعلقات کی سربراہ خالدہ حبیب نے معزز مہمانوں کو جمع پونجی کے مقاصد اور نمایاں خدوخال سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر ایس ای سی پی کے چیئرمین نے ادارے اور آئی کیپ کے مابین مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر زور دیا تاکہ پاکستان میں باعلم اور مضبوط مالیاتی قواعد کو فروغ دیا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پیشہ ورانہ اداروں کے تعلیم یافتہ ماہرین کو اس شعبہ میں آگے بڑھ کر اپنا مشاورتی کردار ادا کرنا چاہیے۔ اور اس مقصد کے لئے زیادہ سے زیادہ آگہی سیمیناروں اور مجالس کا انعقاد کیا جانا چاہیے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

چیئرمین ایس ای سی پی نے آئی کیپ کے صدر کو یادگاری شیلڈ پیش کی۔اس مفاہمتی یاداشت کے تحت ایس ای سی پی، آئی کیپ کے تعاون سے ان کے تمام سینٹروں پر باقاعدگی سے آگہی سیمیناروں کاانعقاد کرے گا۔تاکہ طلبہ اور آئی کیپ کے ممبران کو اس شعبہ کے جدید رجحانات سے آگاہ کیاجاسکے۔انہوں نے جمع پونجی کی ٹیم کو ہدایت کی کہ ایسے سیشنز میں مالیاتی منصوبہ بندی، بازارِ سرمایہ، میوچل فنڈز، بیمہ اور دیگر غیر بینکاری مالیاتی اداروں کے متعلق زیادہ سے زیادہ معلومات شرکا تک پہنچائی جائیں۔

آخر میں آئی کیپ کے صدر حافظ محمد یوسف نے چیئرمین ایس ای سی پی کا شکریہ ادا کیااور دونوں اداروں کے درمیان طویل المعیاد تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254